ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (580)

مورخہ 01.11.23

**بہاولپور(          )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر حاصل پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی ، بابا حاجی گینگ کا سرغنہ 02 کارندوں سمیت گرفتار، گرفتار ملزمان سے چوری شدہ موٹر سائیکل، سامان گروسری اور نقدرقم برآمد، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ بہاولپور پولیس کو کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ صدر حاصل پور نے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر جدید ٹیکنالوجی اور روائتی طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے دن رات کی انتھک محنت کے بعد بابا حاجی گینگ کے 03 ملزمان اسماعیل عرف حاجی، افضل اور حمزہ کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے مبلغ 3 لاکھ 50 ہزار روپے نقدرقم، کریانہ کا لاکھوں مالیت کا سامان اور 04 عدد موٹر سائیکل برآمد۔ گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے اور گینگ کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاریوں کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ ریکورشدہ رقم ،موٹر سائیکل و دیگر سامان ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کیا جارہا ہے۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ اس کامیاب کارروائی پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ایس ایچ او تھانہ صدر حاصل پور اوران کی ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر حاصل پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی ، بابا حاجی گینگ کا سرغنہ 02 کارندوں سمیت گرفتار، گرفتار ملزمان سے چوری شدہ موٹر سائیکل، سامان گروسری اور نقدرقم برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(581)

مورخہ 01.11.2023

**بہاولپور(            )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھر پور کریک ڈاون، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 09 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات،شراب واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، تھانہ نوشہرہ جدید اور تھانہ قائم پور پولیس نے 03 ملزمان عرفان بلوچ، وارث اور چن شاہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 115 لیٹر شراب برآمد کر لی۔اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ صدر بہاولپور، تھانہ قائم پور اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے 03 ملزمان دلاور، ارشاد بھٹی اور عبدالوحید کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو 700 گرام چرس اور 01 کلو ہیروئن برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ سول لائنز، تھانہ دھوڑ کوٹ اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے 03 ملزمان غلام محمد، شبیر احمد اور سمیع اللہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد پسٹل 9mm برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، شراب اور منشیات ایک لعنت ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھر پور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار
بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد